# معمولات زندگی کو 11 جون سے بحفاظت طور پر دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے سٹی آف برامپٹن صوبے کے روڈ میپ کے پہلے مرحلے کے لیے تیار ہے

برامپٹن، آن (7 جون 2021) – حکومت اونٹیریو کے آج کے اعلان کے بعد سٹی آف برامپٹن بروز جمعہ، مورخہ 11 جون کو رات 12:01 کے بعد، معمولات زندگی کو بحفاظت طور پر دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے صوبے کے روڈمیپ کے پہلے مرحلے کے لیے تیاری کر رہا ہے۔ اس خوشگوار مرحلے کا اعلان صحت عامہ کے مقامی یونٹوں، صحت کی دیکھ بھال کے شراکت داروں، میونسپلٹیوں اور ہماری کمیونٹی کی مسلسل لگن کے ساتھ شراکت میں صوبے کے ویکسین لگانے کے اہداف کو قبل از وقت پورے کرنے کی بدولت اپنے طے شدہ شیڈول سے تین دن پہلے کیا جا رہا ہے۔

مورخہ 11 جون سے دوبارہ کھولے جانے کے حوالے سے صوبے کے روڈمیپ کے پہلے مرحلے کے تحت درج ذیل قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا:

- سماجی اجتماعات اور منظم شدہ عوامی تقریبات کے لیے بیرونی مقامات پر 10 افراد تک کے توسیع شدہ اجتماعات منعقد کرنے کی اجازت ہو گی، بشمول مختلف گھرانوں کے ممبران کے ساتھ؛
- بیرونی مقامات پر مذہبی اجتماعات، رسومات یا تقاریب، بشمول شادی کے اجتماعات اور تجہیز و تکفین کی رسومات کی حد لوگوں کی اتنی تعداد پرمنحصر ہو گی جو دو میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھ سکتے ہوں؛
- اندرونی مقامات پر منعقد ہونے والے مذہبی اجتماعات، رسومات یا تقاریب، بشمول شادی بیاہ کی تقریبات اور آخری رسومات میں اجتماعات کی حد کی اجازت مخصوص کمرے یا ہال وغیرہ کی پوری گنجائش کے 15 فیصد تک ہو گی؛
- غیر ضروری خوردہ فروشوں کو گاہکوں کو اندر آنے کی اجازت دینے کی 15 فیصد گنجائش کی اجازت ہو گی، جبکہ سامان و اشیاء کی فروخت پر کوئی حد لاگو نہیں ہو گی؛
- ضروری اور دیگر مخصوص خوردہ فروشوں کو گاہکوں کو اندر آنے کی اجازت دینے کی 25 فیصد گنجائش کی اجازت ہو گی، جبکہ سامان و اشیاء کی فروخت پر کوئی حد لاگو نہیں ہو گی؛
- آؤٹ ڈور ڈائننگ کے لیے فی میز 4 بندے بٹھانے کی اجازت ہو گی مگر ایک ہی خاندان کے افراد پر اس پابندی کا اطلاق نہیں ہو گا؛
- آؤٹ ڈور فٹنس کلاسز، ذاتی تربیت میں مصروف عمل آؤٹ ڈور گروپس اور آؤٹ ڈور انفرادی / ٹیموں پر مشتمل کھیلوں کی تربیت کے لیے 10 افراد تک کی اجازت ہو گی، جہاں تین میٹر کا فاصلہ برقرار رکھنا ممکن ہو سکتا ہو؛
- چیف میڈیکل آفیسر آف ہیلتھ آفس کی جانب سے کووڈ-19 کے حوالے سے جاری کردہ حفاظتی رہنما ہدایات کے مطابق اور ان پر عمل درآمد کرتے ہوئے، بچوں کے لیے ڈے کیمپس کو بھی چلانے کی اجازت ہو گی؛
- کیمپ گراؤنڈز اور کیمپ سائیٹس، بشمول اونٹیریو پارکس اور مختصر دورانیہ کے لیے کرایہ پر دستیاب کیمپنگ مقامات کو بھی کھول دیا جائے گا؛
- کنسرٹس کے مقامات، تھیٹرز، شوٹنگ کے آؤٹ ڈور مقامات اور سینما گھروں میں دیگر پابندیوں کے علاوہ زیادہ سے زیادہ 10فنکاروں کی موجودگی میں کنسرٹس، فنکارانہ مظاہرے، تھیٹروں کے پروگرام اور فنون کے دیگر مظاہروں کی ریہرسل، نشریات یا انہیں ریکارڈ کرنے کی اجازت ہو گی؛
- آؤٹ ڈور مقامات پر ہارس ریسنگ ٹریکس اور موٹر سپیڈ ویز بھی کھول دیے جائیں گے مگر تماشائیوں کی اجازت نہیں ہو گی؛ اور
- بیرونی پرکشش مقامات مثلاً چڑیا گھر، لینڈ مارکس، تاریخی مقامات اور بوٹینیکل گارڈنز بھی گنجائش کی حدود اور دیگر پابندیوں کے ساتھ کھول دیے جائیں گے۔

صوبے کی جانب سے دوبارہ کھولنے کا روڈ میپ کا منصوبہ تین مراحل پر مشتمل ہے، جس کے مطابق صوبے کو محتاط طریقے سے دوبارہ کھولا جائے گا اور صوبہ بھر میں ویکسینیشن کی شرح اور صحت عامہ اور صحت کی دیکھ بھال کے اہم اشاریوں میں بہتری کی بنیاد پر صحت عامہ کے اقدامات میں بتدریج نرمی کی جائے گی۔

صوبے کی جانب سے نیا اجراء یہاں پڑھیں۔

**سٹی کی سروسز اور سہولیات**

سٹی کی آؤٹ ڈور تفریحی سہولت گاہیں
اجازت دی جانے والی آؤٹ ڈور تفریحی سہولیات میں گالف کورسز اور ڈرائیونگ رینجز، سوسر اور دیگر کھیلوں کے میدان، بیس بال ڈائمنڈز اور بیٹنگ کیجز، ٹینس اور باسکٹ بال کورٹس، لان بولنگ اینڈ بوسی، BMX اور اسکیٹ پارکس اور ویڈنگ پُولز و سپلیش پیڈز شامل ہیں۔

اس سیزن کے دوران پروفیسرز لیک بیچ اور ایلڈوریڈو پارک آؤٹ ڈور پول کے کھولے جانے کے حوالے سے تفصیلات اس مہینے کے اواخر میں مہیا کر دی جائیں گی۔

سٹی کی خصوصی سہولت گاہوں کے حوالے سے دوبارہ کھولے جانے کے اوقات اور کووڈ-19 کی صحت و تحفظ کے اقدامات کی تفصیلات کے لیے، براہ کرم www.brampton.ca/summerfun ملاحظہ کریں۔

سپلیش پیڈز بمعہ ویڈنگ پُولز
سپلیش پیڈز کو شہر بھر میں کھول دیا گیا ہے۔ چنگواکوسی پارک میں موجود ویڈنگ پُول کو عوامی استعمال کے لیے، موسمی صورتحال کے مطابق، مورخہ 11 جون 2021 کو کھولنے کا شیڈول موجود ہے۔ مورخہ 12 جون سے شہر بھر کے ویڈنگ پُولز کو اختتام ہفتہ کے لیے کھول دیا جائے گا جبکہ 26 جون سے انہیں روزانہ کی بنیاد پر کھول دیا جائے گا۔ جسمانی فاصلہ بندی برقرار رکھنا لازمی ہو گا اور رہائشیوں سے گزارش کی جاتی ہے کہ کسی بھی جگہ پر جانے سے قبل وہ اپنی کووڈ-19 کی علامات پر خود بھی نظر رکھیں۔ سپلیش پیڈز اور ویڈنگ پُولز کے مقامات اور اوقات کار کی فہرست یہاں دستیاب ہے

بالمشافہ سمر کیمپس
سٹی آف برامپٹن کے نو عدد ریکریئیشن سنٹرز 5 جولائی سے بچوں اور نوجوانوں کے لیے بالمشافہ سمر کیمپس کا انعقاد کریں گے۔ کیمپ رجسٹریشن کا آغاز 7 جون سے ہو گا۔ ان کیمپوں میں گیمز، اسپورٹس، دستکاریوں اور مزید کئی اقسام کی سرگرمیاں، پیر سے جمعہ تک صبح 8:45 سے شام 5:15 بجے تک دستیاب ہوں گی۔ 2 اگست کا ہفتہ، عوامی چھٹی کی وجہ سے شارٹ اینڈ ویک کے طور پر رکھا گیا ہے--

سٹی آف برامپٹن، پیل پبلک ہیلتھ کی رہنمائی کے ساتھ شرکاء اور عملے کی صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے ایک توسیع شدہ پروٹوکول کا نفاذ کررہا ہے۔ اندرونی مقامات پر شرکاء کے لیے فیس ماسک کا ہر وقت پہننا لازمی ہو گا جبکہ ایسے بیرونی مقامات پر بھی فیس ماسک کا پہننا لازمی ہو گا جہاں پر جسمانی فاصلہ بندی برقرار رکھنا ممکن نہ ہو سکتا ہو۔ کیمپس کے شرکاء کو ٹولیوں میں تقسیم کر دیا جائے گا تاکہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ تعامل نہ کر سکیں۔ صفائی کے توسیع شدہ طریقہ ہائے کار، روزانہ کی بنیاد پر اسکریننگ اور دیگر حفاظتی اقدامات پر بھی سختی سے عمل کیا جائے گا۔ بالمشافہ سمر کیمپ کے حوالے سے صحت و تحفظ کے اقدامات کے بارے میں مکمل تفصیل کے لیے یہاں کلک کریں۔

فیسیں مختلف ہیں۔ رجسٹر کرنے کے لیے، 1-1-3 پر کال کریں یا www.brampton.ca/reccamps ملاحظہ کریں۔

**ویکسین لگوانے کا عمل**

ایسے تمام افراد جن کی عمر 12 سال یا اس سے زیادہ ہو اور وہ پیل، بشمول برامپٹن میں رہائش پذیر ہوں، یہاں پر کام کرتے ہوں یا اسکول جاتے ہوں، وہ اب مخصوص کلینکس میں کووڈ-19 ویکسین لگوانے کی اپوائنٹمنٹ بک کرا سکتے ہیں۔ 12 تا 15 سال عمر کے افراد کے لیے اپوائنٹمنٹس لازمی طور پر ریجن آف پیل کے بکنگ سسٹم کے ذریعے آن لائن بکنگ کرانی ہو گی۔ اگر کسی کو بکنگ میں مدد کی ضرورت ہو، تو وہ ریجن آف پیل کی کووڈ-19 ویکسینیشن لائن کو ہفتے کے 7 دن صبح 8 تا شام 8 بجے تک 905.791.5202 پر کال کر سکتے ہیں۔

ریجن آف پیل کے 70 سال سے زائدالعمر افراد اور فائزر یا موڈیرنہ ویکسین لگوانے والے ایسے خواتین و حضرات جنہوں نے 18 اپریل کو یا اس سے پہلے اپنی پہلی ڈوز لگوائی تھی، کے لیے اب دوسری ڈوز کی بکنگ جاری ہے۔ اپوائنٹمنس، صوبے کے بکنگ سسٹم covid-19.ontario.ca/book-vaccine کے ذریعے/ یا صوبائی بکنگ لائن کو 3900-943-833-1 پر ٹیلیفون کر کے بک کرائی جا سکتی ہیں۔

کووڈ-19 کی ویکسین لگوانے کے حوالے سے تازہ ترین معلومات کے لیے، براہ کرم صوبائی ویکسین پورٹل ملاحظہ کریں۔

**لنکس**

- سٹی آف برامپٹن کووڈ-19 پروگرامنگ اور سروس اپ ڈیٹس
- سٹی آف برامپٹن - کیا بند کر دیا گیا ہے اور کیا کھلا ہے
- گورنمنٹ آف اونٹیریوز ویکسین پورٹل
- ریجن آف پیلز ویکسین پورٹل
- کووڈ-19 کی علامات
- کووڈ-19 کی ویکسین
- برامپٹن میں ٹیسٹنگ کی سہولت
- خود کو آئسولیٹ کیسے کریں
- کووڈ-19 کے دوران کاروباری اداروں اور کام کی جگہوں کو کیسے محفوظ رکھیں
- پیل میں کووڈ-19 کے کیسز

30--

**میڈیا کنٹیکٹ**
مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 | Monika.Duggal@brampton.ca